لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۸ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء | جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ترمیم روبکار بابت تشخیص محصول آب صنائع —	۱
۲	اضافہ منصب آوردسیر —	۲
۳	رخصت منصرم حفظ[illegible] —	[illegible]
۴	علاوے سنگالی بلا زمان میلہ باجہ —	[illegible]
۵	بابت طریقہ تحریر بیانات —	[illegible]
۶	اضافہ بابر پرشاد —	[illegible]
۷	رخصت انسپکٹر آبکاری —	[illegible]
۸	نقشہ زنانہ مجالس	ضمیمہ

محکمہ صیغہ انہار

بحکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

۱۸ ابریل سنہ ۱۹ء کو جو روبکار بابت تشخیص محصول آب صنائع بشرح ایک روپیہ فی ہزار فٹ مکعب جاری ہوا تھا اس میں اسقدر ترمیم منظور کیجاتی ہے کہ محصول آب صنائع فی ہزار فٹ مکعب ایک روپیہ تک قائم کیا جائیگا اور تعیین و تصفیہ اس شرح کے اندر دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار سے ہوگا۔ احکام جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو —

حسب الحکم دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۷ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب استدعائے صاحب ہوم سکریٹری بہادر منشی محمد حسین سب اوورسیر کی تنخواہ میں بسلسلۂ انتظام آسامی منشی سردار احمد خان سب اوورسیر برخاست شدہ دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۱۹ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء

سید سجاد حسین منصرم عطرخانہ کی رخصت تین ماہ واسطے سفر عراق کے منظور فرمائی گئی۔ زمانہ رخصت میں باقر حسین معاون منصرم انکا کام کرینگے اور انکی تنخواہ ماہ بماہ انکے بھائی باقر حسین معاون منصرم کو ملتی رہیگی۔

عطائے مہنگائی

۲۳ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب استدعا جنرل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج۔ ملازمان جینڈ باجہ کو ایک ایک روپیہ ماہوار یکم نومبر سنہ ۱۹۲۱ء سے چھ ماہ کیواسطے مہنگائی دیا جانا منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقعہ ۸ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء

نوٹ ناظم صاحب ملاحظہ ہوا۔ جملہ تحصیلات کو ایک ایک نقل اسکی مع نوٹ ملاحظہ بھیجکر لکھا جائے کہ آیندہ سے ہر شخص کا بیان جداگانہ لکھا جایا کرے۔ یہ طریقہ بالکل بے قاعدہ ہے کہ فلاں شخص بمطابقت بیان فلاں بیان کیا۔ جملہ ایسے اہلکاروں کو جو بیانات موقعہ پر قلمبند کرتے ہیں اس حکم کی تعمیل کی کافی ہدایت کیجائے۔ اور تحصیلدار اور نائب تحصیلدار خود بھی خیال رکھیں کہ کبھی کوئی بیان ایسا بے قاعدہ نہ لکھا جائے۔

یادداشت ناظم صاحب

ایک مثل جسکی تحقیقات بصیغہ متفرقہ نائب تحصیلدار شاہ آباد نے اور خود تحصیلدار صاحب نے کی ہے۔ میرے ملاحظہ میں آئی۔ اس مثل کی کارروائی جنوری سنہ ۱۹۲۱ء سے شروع ہوئی ہے۔ مثل میں جو کارروائی غیر ضروری ہوتی رہی اس سے قطع نظر کرکے نہایت خطرناک و ناقص کارروائی یہ ہے کہ ایک مددگار افسر تحصیل نے عبدالمجید پٹواری کا بیان [illegible] اس سے تو بحث نہیں اسکے ذیل میں پوتی رام پدھان کا بیان لکھا گیا کہ جو بیان عبدالمجید کا ہے وہی میرا ہے۔ ان دونوں بیانات پر تاریخ تحریر بیان بھی مرقوم نہیں ہے۔ اسیطرح یکم فروری سنہ ۱۹۲۱ء کو انہوں نے ایک بیان انچی کا قلمبند کیا۔ اور اسکے اختتام پر لکھا ہوا ہے اور دو شخصوں کے نام اور لکھے ہیں جنپر مثل بالا یہ عبارت ہی تحریر نہیں ہے کہ میرا بیان بھی وہی ہے جو انچی کا ہے۔ یہ عقلاً محال ہے کہ جسقدر معلومات الف کو ہے اور جزئیات اسنے زبانی گزرے ہیں وہی سب بہ تمامہ ب ج د ہ کو بھی معلومات ہوں۔ اور آخرالذکر دونوں بیانات تو یہ بھی نہیں ہے بس شہادت پر کوئی افسر بالا صحیح رائے کسطرح قائم کر سکتا ہے اور کوئی حاکم دیانتاً اسکو کسقدر مستند سمجھ سکتا ہے کیونکہ افسر تحقیقات کنندہ کو سب سے پہلے تحقیقات کے طریقہ سے واقف ہونا ہے۔ میری رائے میں اور اصول قانون اور غیر ضروری طریقہ کی بنیاد پر یہ ضروری ہے کہ ہر شخص بیان کنندہ کا تفصیلی بیان واقعات متعلقہ معاملہ کے متعلق صاف صاف وجداگانہ قلمبند کیا جائے ان میں غیر ضروری کہانی اور غیر متعلق باتیں نہوں۔ اور موجودہ طریقہ قطعاً قابل مسدودی ہے۔ ایسی ہی چند مثالیں اور بھی معلوم ہوئی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ افسران تحقیقات کنندہ شہادت قلمبند کرنے کے طریقہ قانونی سے تو ناواقف ہی ہیں مگر اصول تجربہ سے بھی واقفیت نہیں رکھتے اور نہ کچھ عقل انسانی سے کام لیتے ہیں۔ اس بارہ میں صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے عام حکم کی ضرورت ہے۔ اسلئے یادداشت باجلاس ممدوح پیش کیجاتی ہے۔ ۳ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء دستخط ناظم صاحب

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب استدعائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بابو پرشاد معاون خزانچی پولیس کی موجودہ تنخواہ [illegible] روپیہ ماہوار میں تین روپیہ ماہوار اضافہ اور دو روپیہ الاؤنس بسلسلہ فوتی سنگن لال جینڈ کا بشمول منظور ہوا۔

رخصت

۲۰ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء

منشی جنگ بہادر انسپکٹر آبکاری کی دس یوم کی رخصت مع ابتدا ۲۱ نومبر لغایت ۳۰ نومبر سنہ حال منظور کی گئی۔

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ششماہی دوم اپریل سنہ ۱۹۲۱ء لغایت ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل بہ مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل بہ مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل بہ مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل بہ مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: ہلاکت بذریعہ جانوران	تفصیل امراض: طاعون	ازخانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی شہر	۱۳۳	۳۰	۹۶	۲۱	۲۸۰	۲۲۹	۵۱	۱۲۷	۱۰۱	۴۱	۳۴	۲۱۳	۲۱۳	۴۰۱	۳۷۷	۶۶۳	۱۱۵	۱۹۹	۶	۰	۵۲۳	۰	۰	۰	۷۷۸	
گنج	۷۵	۱۲	۳۷	۱۰	۱۳۴	۱۱۲	۲۲	۱۱۰	۹۲	۳۰	۳۲	۱۹۵	۱۶۹	۳۳۵	۳۰۵	۵۸۸	۵۲	۲۷۲	۶	۳۶۰	۲	۰	۰	۰	۶۴۰	
قوالیہ شہر	۱۸	۲۸	۱۴	۲۵	۸۵	۳۲	۵۳	۱۳	۱۱	۵	۵	۷۴	۴۸	۹۲	۶۴	۸۰	۷۶	۰	۰	۰	۱۵۱	۴	۱	۰	۱۵۶	
عظیم نگر	۴۹	۶۳	۵۵	۷۲	۲۵۹	۱۲۴	۱۳۵	۱۷	۱۷	۱۰	۶	۱۲۷	۷۳	۱۵۴	۹۶	۱۲۶	۱۲۴	۰	۰	۰	۲۴۷	۳	۰	۰	۲۵۰	
شاہ آباد	۸۰	۱۵۸	۹۷	۱۳۷	۴۷۸	۱۷۷	۳۰۱	۱۴۲	۱۱۹	۷۱	۵۵	۳۷۲	۲۵۶	۵۰۵	۵۱۰	۳۰۹	۷۰۶	۴۶۵	۰	۰	۵۴۵	۵	۰	۰	۱۰۱۵	
بھوانی	۴۴	۱۰۱	۲۵	۷۱	۲۲۱	۷۹	۱۴۲	۲۲	۲۵	۱۲	۱۳	۱۱۳	۹۲	۱۴۷	۱۰۰	۵۵	۱۹۲	۰	۰	۰	۲۴۱	۶	۰	۰	۲۴۷	
ملک	۷۹	۳۵۳	۵۵	۲۸۸	۷۲۵	۲۰۴	۵۲۱	۱۱۸	۱۱۲	۴۰	۴۱	۴۱۲	۳۱۱	۵۹۰	۴۶۳	۱۸۱	۸۷۲	۱۹۶	۰	۰	۸۴۲	۱۶	۰	۰	۱۰۵۳	
بیسپور	۵۰	۳۵	۴۱	۳۶	۱۶۲	۹۱	۸۱	۲۷	۳۳	۲۱	۱۳	۱۵۷	۱۰۷	۲۰۵	۱۵۳	۱۷۹	۱۷۹	۰	۰	۰	۳۵۳	۵	۰	۰	۳۵۸	
کیمری	۸۱	۱۳۹	۵۲	۱۰۶	۳۷۸	۱۳۳	۲۴۵	۴۵	۳۷	۲۸	۱۶	۲۵۸	۴۲	۳۳۱	۲۵۵	۱۹۸	۳۸۸	۳۰	۰	۰	۵۳۸	۱۸	۰	۰	۵۸۶	
سوار	۱۳۶	۴۳	۱۰۲	۷۰	۳۵۲	۲۲۹	۱۲۳	۹۵	۹۹	۹۹	۵۴	۴۲۱	۳۰۸	۶۱۵	۴۶۳	۷۶۸	۳۱۰	۴۷۲	۱	۰	۵۹۳	۱۱	۱	۰	۱۰۷۸	
ٹانڈہ	۱۰۴	۵۳	۶۶	۵۱	۲۷۴	۱۶۹	۱۰۵	۸۲	۵۷	۴۳	۴۴	۴۰۴	۱۶۲	۳۲۹	۲۶۳	۳۵۴	۲۳۸	۱۶۴	۰	۰	۴۱۵	۱۳	۰	۰	۵۹۲	
میزان	۷۰۸	۱۱۵۳	۶۱۲	۶۹۶	۳۳۶۹	۱۳۱۴	۱۴۳۶	۸۱۸	۷۰۳	۳۰۴	۲۱۶	۲۵۹۶	۱۹۲۱	۳۴۸۴	۲۹۳۰	۳۴۲۱	۳۵۰۲	۱۶۹۴	۱۴	۳۶۰	۴۲۶۹	۸۴	۲	۰	۷۴۲۳	

نقشہ نرخنامہ اجناس [illegible] ۱۹۲۱ء

نام جنس	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
گندم				۴ ٹار		۳ ٹار	
نخود شامل				۴ ٹار		۳ ٹار	
نخود کہ آبیز				[illegible] ٹار		۴ ٹار	
[illegible]				۴ ٹار		[illegible]	
[illegible]				۵ ٹار		۴ ٹار	
[illegible]				۳ ٹار		۴ ٹار	
مکا				۶ ٹار		۷ ٹار	
جئی				•		۷ ٹار	
گوجئی				•		۵ ٹار	
عدس				۴ ٹار		•	
ارہر				۵ ٹار		•	
برنج				۴ ٹار		۵ ٹار	
روغن زرد				ٹار		[illegible] ٹار	
روغن سیاہ				۱ ٹار		۱ ٹار	
روغن کنجد				[illegible] ٹار		۱ ٹار	
نمک سانبھر				۱۰ ٹار		۱۱ ٹار	
نمک لاہوری				۵ ٹار		[illegible]	
قند سیاہ				۶ ٹار		۶ ٹار	
[illegible]				۶ ٹار		۶ ٹار	